اختیاری ماڈیول نمبر 3B　　　سبق نمبر 30B　اخباری انٹرویو

سبق نمبر	سبق کا نام	زبان کی مہارتیں				عملی کام/سرگرمیاں
		سننا/ بولنا	پڑھنا	لکھنا	اصناف/ قواعد	اخباری انٹرویو کا
30B	اخباری انٹرویو	نئے الفاظ اور محاوروں کو اپنی گفتگو میں استعمال کرنا	اخباری انٹرویو	سوالات کے جوابات	اخباری انٹرویو	مطالعہ کرنا

اخباری انٹرویو کا خلاصہ:-

کسی مسئلے یا واقعہ کے متعلق اہم شخصیات یا منتخب افراد سے کی گئی بات چیت کو "انٹرویو" کہتے ہیں۔انٹرویو صحافت کا ایک اہم زمرہ ہے۔ اخباری انٹرویو مختلف اقسام کے لیئے جاتے ہیں۔ جیسے شخصی انٹرویو، انٹرویو برائے رائے اور انٹرویو برائے حقائق وغیرہ۔اخباری انٹرویو میں اشخاص کے لحاظ سے انٹرویو کے طریقے اور اندازِ گفتگو میں تبدیلی ہوتی ہے۔ جس طرح کی شخصیت کا انٹرویو لینا ہوتا ہے۔اور جس مقصد کو پیشِ نظر رکھ کر انٹرویو لیا جاتا ہے۔اس میں سوالات بھی اسی لحاظ سے پوچھے جاتے ہیں۔انٹرویو کے ذریعے شخصیتوں سے دلچسپ معلومات حاصل ہوتی ہے۔اخباری انٹرویو کا آغاز امریکہ میں انیسوی صدی کے وسط میں مشہور صحافی جیمز گارڈن بنیٹ (James Gorden Bennet) نے کیا۔

ایسے اشخاص جنھوں نے کم وقت میں شہرت حاصل کی ہو۔انکے بارے میں لوگ تفصیلی معلومات جاننا پسند کرتے ہیں۔ جیسے کسی نے ہمالیہ کی چوٹی سر کرلی، کسی کھلاڑی نے گولڈ میڈل حاصل کرلیا ہو، یا کسی نے مقابلہ جاتی امتحان میں ریاستی یا قومی سطح پر اول مقام حاصل کیا ہو۔اس طرح کے افراد کے انٹرویو میں انکی ابتدائی زندگی کے بارے میں بھی معلومات ملتی ہے۔ شخصی انٹرویو عام لوگوں کے بھی لئے جا سکتے ہیں۔ جیسے موت کے کنواں میں گاڑی چلانے والا ڈرائیور، پانی پر چلنے والا سادھو، سائیکل پر دنیا کا چکر لگانے والا شخص، خطرناک جگہ پر دو تین دنوں تک صحیح وسلامت رہنے والے افراد وغیرہ

انٹرویو لینے کا طریقہ:-

نامہ نگاری کی طرح انٹرویو لینا بھی ایک صحافیانہ فن ہے۔ قومی و بین الاقوامی سطح کے شہرت یافتہ افراد کو انٹرویو کے لئے تیار کرنا مشکل کام ہے۔بند زبان کھلوانے یا کم گو افراد کو تیز رفتار بنانے کے لئے ذہانت کی ضرورت ہوتی ہے۔ہر نامہ نگار موقع کی مناسبت اور مقصدِ انٹرویو کے پیش نظر مختلف طریقے اپناتا ہے۔انٹرویو لینے کا طریقہ انٹرویو لینے والے کی ذہانت اور منتخب شخص پر منحصر ہوتا ہے۔ مثلاً جو طریقہ صدرِ مملکت کے انٹریو کے لئے استعمال ہوگا۔وہ کسی معروف اداکار یا موسیقار کے لئے استعمال کرنا درست نہیں ہوگا۔کسی بھی شخص سے رسمی انٹرویو لینے سے پہلے جتنی ہو سکے اتنی معلومات حاصل کرلی جائے۔ مشہور شخصیتوں کے بارے میں معلومات Who is

whoاس ڈائیریکٹری میں مل جاتی ہے۔عام افراد کے بارے ہم یہ معلومات انکے دوستوں، رشتے داروں یا پڑوسیوں سے حاصل کر سکتے ہیں۔انٹرویو دوستانہ ماحول میں ہو۔نامہ نگار جو انٹرویو لے رہا ہو۔وہ کم بولے اور انٹرویو دینے والے کو زیادہ بولنے کا موقع دیں۔انٹرویو کے درمیان میں چہرے کے تاثرات اور حرکات و سکنات مثبت رکھیں۔ہوسکے تو ٹیپ ریکارڈر یا کیمرہ پاس رکھے۔خاص و اہم نکات کو پہلے پیرا گراف میں نوٹ کرنا چاہیئے۔

خاص باتیں:-

» اخباری انٹرویو خاص شخص سے دلچسپ معلومات حاصل کرنے کا مؤثر ذریعہ ہے۔جسکی شروعات امریکہ میں ہوئی۔

» نامہ نگاری کی طرح انٹرویو کے ذریعے بہت سی باتیں ہم جان سکتے ہیں۔انٹرویو مختلف اقسام کے ہوتے ہیں۔

» حقائق کو جاننے یا کسی واقعہ پر رائے جاننے کے لیے یا کسی شخصیت کو اجاگر کرنے کے لئے انٹرویو کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

» انٹرویو کا طریقہ الگ الگ ہوتا ہے۔جو انٹرویو دینے والی شخصیت، انٹرویو کے مقاصد اور انٹرویو لینے والے کی ذہانت پر انحصار کرتا ہے۔

سمجھنے کی باتیں:-

» اخباری انٹریو کی اہمیت اور انٹرویو کے طریقوں کو سمجھنا ضروری ہے۔اخباری انٹرویو بھی ایک صحافیانہ فن ہے۔جس سے کسی شخص کے بارے میں اہم و ضروری باتیں معلوم کی جاسکتی ہے۔نیز کسی واقعہ یا خبر پر اظہارِ رائے کا پتہ لگایا جاسکتا ہے۔انٹرویو ہر عام و خاص شخص کا لیا جاسکتا ہے۔اس بات کو بھی سمجھنا ضروری ہے کہ انٹرویو کی گفتگو با مقصد ہوتی ہے۔انٹرویو بند زبان یا کم گو افراد کو تیز رفتار بنانے کا ہنر ہے۔انٹرویو کے طریقے منتخب اشخاص یا انٹرویو لینے والے کے ذہانت منحصر ہے۔

اپنی جانچ آپ کیجیے۔

متن پر مبنی سوالات :-

1-مندرذیل میں سے صحیح متبادل منتخب کریں۔

» انٹرویو کے ذریعے اہم شخصیتوں سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔معلوم ہو جاتی ہے۔

(بے کار تفصیل، خفیہ باتیں، دلچیپ باتیں، جھوٹ باتیں)

» اخباری انٹرویو کی ابتداء۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں ہوئی۔

(انگلینڈ، سوڈین، امریکہ، جرمنی)

مختصر جواب والا سوال:-

» مقصد کے اعتبار سے انٹرویو کی کتنی قسمیں ہیں؟ اسے بیان کیجئے؟

مختصر جواب والا سوال:-

» شخصی انٹرویو کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ اس پر ایک پیرا گراف لکھئے؟

طویل جواب والا سوال:-

» انٹرویو لینے کے طریقے کو مع مثال بیان کیجئے؟